Sixth India-Nepal Joint Commission Meeting

January 15, 2021

ہندوستان - نیپال کے درمیان مشترکہ کمیشن کا چھٹا اجلاس

15 جنوری، 2021

ہندوستان نیپال مشترکہ کمیشن کا چھٹا اجلاس وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر اور نیپال کے وزیر برائے امور خارجہ عالی جناب ۔ پردیپ کمار گیاوالی کی مشترکہ صدارت میں 15 جنوری 2021 کو نئی دہلی میں منعقد ہوا۔ دونوں وفود میں ہندوستان کے خارجہ سکریٹری جناب ہرش وردھن شرنگلا اور نیپال کے خارجہ سکریٹری جناب بھارت راج پاودیال کے علاوہ دونوں فریق کے دیگر اعلی عہدیداران شامل تھے۔

مشترکہ کمیشن میں دونوں ممالک کے مابین کثیر الجہتی تعاون کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا گیا اور روایتی طور پر قریبی اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طریقوں پر بات کی گئی۔ دونوں فریقین نے باہمی تعاون کے متعدد شعبوں پر تبادلہ خیال کیا، جس میں کنکٹوٹی، معیشت اور تجارت، بجلی، تیل اور گیس، آبی وسائل، سیاسی اور سلامتی کے امور، بارڈر مینجمنٹ، ترقیاتی شراکت داری، سیاحت، ثقافت، تعلیم اور صلاحیت سازی کے شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مشترکہ کمیشن کے آخری اجلاس کے بعد متعدد دو طرفہ اقدامات کو آگے بڑھانے کے لئے ہونے والی نمایاں اور ٹھوس پیشرفت کو سراہا گیا۔

خطے میں کووڈ 19 وبائی مرض کا مقابلہ کرنے میں دونوں فریقین کے مابین قریبی تعاون کا تذکرہ کیا گیا۔ نیپال نے ہندوستان میں کوویشیلڈ اور کوواکسن ویکسین تیار کرنے میں نمایاں کامیابی پر ہندوستان کو مبارکباد پیش کی، اور نیپال کو ویکسین کی جلد فراہمی کی درخواست کی۔

موتیہاری۔ املیخ گنج پیٹرولیم مصنوعات پائپ لائن کے ذریعے حاصل کیے گئے سنگ میل کو نوٹ کرتے ہوئے، دونوں فریقین نے پائپ لائن کو چتوان تک بڑھانے کے ساتھ ساتھ، سلگوری کو نیپال میں واقع جھاپا سے منسلک کرنے کے لئے مشرقی جانب ایک نئی پائپ لائن کے قیام پر تبادلہ خیال کیا۔

دونوں فریقین نے ہندوستان اور نیپال کے درمیان جنک پور کے راستہ جینگر سے کرتھا تک پہلے مسافر ریلوے لائن کے کام کی تکمیل کا خیرمقدم کیا، اور بتایا کہ ٹرین خدمات کے آغاز کے آپریٹنگ طریقہ کار کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ سرحد پار سے ریل رابطے کے دوسرے منصوبوں، بشمول ایک ممکنہ ریکسول - کاٹھمنڈو براڈ گیج ریلوے لائن پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

مشترکہ کمیشن نے لوگوں اور سامان کی سرحد پار نقل وحرکت کو آسان بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس بات کا تذکرہ کیا گیا کہ حال ہی میں برگنج اور بیرات نگر میں انٹیگریٹڈ چیک پوسٹس کے افتتاح سے دونوں ممالک کے درمیان لوگوں اور تجارت کی بے روک وٹوک نقل وحرکت میں مدد ملی ہے۔ دونوں فریقین نے نیپال گنج میں تیسرے انٹیگریٹڈ چیک پوسٹس کی تعمیر کے آغاز کا خیرمقدم

کیا۔ ہندوستان نے بتایا کہ بھیرہوا میں نئے انٹیگریٹڈ چیک پوسٹس کی تعمیر جلد شروع کردی جائے گی۔ مشترکہ پن بجلی منصوبوں میں تیزی لانے پر تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں مجوزہ پنجشور کثیر مقصدی پروجیکٹ بھی شامل ہے، جس سے دونوں ممالک کے عوام کو بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔

ہندوستان نے بتایا کہ وہ نیپال میں دو اور ثقافتی ورثہ کے منصوبوں کو گرانٹ معاونت سے شروع کرے گا اور وہ پشوپتی ناتھ ریور فرنٹ ڈویلپمنٹ اور پاٹن دربار بھنڈر کھال گارڈن رسٹوریشن کے پروجیکٹس ہیں۔

دونوں فریقین نے بین الاقوامی، علاقائی اور ذیلی علاقائی تعاون کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا۔ نیپال نے طاقت کے بدلے ہوئے توازن کی عکاسی کرنے کے لئے توسیع شدہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی مستقل رکنیت کی حمایت کا اظہار کیا۔

دونوں فریقین نے مشترکہ کمیشن کا اگلا اجلاس نیپال میں باہمی سہولت کے حساب سے مناسب تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

15 جنوری، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.